نیشنل ریفائنری لمیٹڈ

National Refinery Limited

اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ نیشنل ریفائنری لمیٹڈ کا 58 واں سالانہ اجلاسِ عام بروز جمعرات، 21 اکتوبر، 2021 کو دوپہر 12:00 بجے، ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس B-7، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی کے زیرِ انتظام درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا:

عمومی اُمور کار:

1۔ مورخہ 30 جون، 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بشمول ان پر بورڈ اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور اور ان کی منظوری دینا۔

2۔ بعد ازغور اور اگر درست سمجھا جائے تو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق 30 جون، 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لئے 100 فیصد یعنی -/10 روپے فی شیئر کی شرح سے حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کی منظوری دینا۔

3۔ 30 جون، 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔

4۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے مطابق 21 اکتوبر 2021 سے شروع ہونے والی تین (3) سال کی مدت کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کردہ کمپنی کے سات (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔

سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ جناب لیث جی فرعون 2۔ جناب وائل جی فرعون 3۔ جناب شعیب انور ملک 4۔ جناب طارق اقبال خان 5۔ جناب ساجد نواز 6۔ جناب عبدالستار 7۔ جناب ذکی محمد منصور

سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کے لئے اہل ہیں۔

دیگر اُمور کار:

5۔ اس طرح کے دیگر اُمور جنہیں چیئرمین کی اجازت سے اجلاس میں پیش کیا گیا ہو، انہیں انجام دینا۔

بحکم بورڈ
محمد عطاء الرحمان ملک
کمپنی سیکریٹری

کراچی: مورخہ 27 ستمبر، 2021

نوٹ:

1۔ کرونا وائرس کی ہنگامی صورتحال کے پیشِ نظر سالانہ اجلاسِ عام کی منصوبہ بندی:

چونکہ کووڈ 19 جیسا وبائی مرض وقت گزرنے کے ساتھ نئی شکلوں میں ظہور کے ساتھ جاری ہے جو تیزی سے انسان سے انسان میں منتقل ہوتا ہے، لہٰذا، شیئر ہولڈرز کی صحت اور سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے، کمپنی نے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی اجازت کے مطابق ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے، کورم کی دفعات کا احترام کرتے ہوئے، اپنا 58 واں سالانہ اجلاسِ عام بلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس مقصد کے لیے، سالانہ اجلاسِ عام کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

الف) سالانہ اجلاسِ عام زوم ایپلی کیشن (ویڈیو لنک کی سہولت) کے ذریعے منعقد کیا جائے گی۔

ب) زوم ایپلی کیشن کے ذریعے سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے کے خواہاں شیئر ہولڈرز/ پراکسی ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل، جو کہ 19 اکتوبر 2021 کو دوپہر 12:00 بجے تک ہے، cdcsr@cdcsrsl.com یا واٹس ایپ نمبر 8200864 321 92+ پر مندرجہ ذیل تفصیلات فراہم کر کے سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے پاس اپنا اندراج کروائیں:

شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کا مکمل نام	کمپنی	*CNIC نمبر	فولیو/CDC اکاؤنٹ نمبر	**ای میل ایڈریس	**موبائل فون نمبر

*شیئر ہولڈرز/ پراکسی ہولڈرز اصل CNIC یا پاسپورٹ کی کاپی بھی پیش کریں گے۔
**شیئر ہولڈرز/ پراکسی ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا فعال ای میل ایڈریس اور موبائل فون نمبر فراہم کریں۔

ویڈیو لنک کی تفصیلات اور لاگ ان کی اسناد اراکین کو ان کے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر بھیجی جائیں گی تاکہ وہ مقررہ تاریخ اور وقت پر اجلاس میں شرکت کر سکیں۔

لاگ ان کی سہولت اجلاس کے انعقاد سے تیس (30) منٹ قبل کھول دی جائے گی تاکہ شرکاء شناخت کے عمل کے بعد اجلاس میں شامل ہو سکیں۔ شیئر ہولڈرز شناخت اور تصدیق کے لیے درکار تمام ضروریات کی تکمیل کے بعد اپنی ڈیوائسز کے ذریعے لاگ اِن ہو کر اجلاس کی کاروائی میں شرکت کر سکیں گے۔

ج) شیئر ہولڈرز سالانہ اجلاسِ عام کے ایجنڈا آئٹمز سے متعلق اپنے تاثرات اور سوالات اجلاس کے انعقاد سے کم از کم دو (2) کاروباری ایام قبل، بیان کردہ ای میل ایڈریس cdcsr@cdcsrsl.com یا واٹس ایپ نمبر 8200864 321 92+ پر بھیج سکتے ہیں: شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اس مقصد کے لیے اپنا مکمل نام، CNIC /فولیو/ Participant ID اور اکاؤنٹ نمبر بیان کریں۔

2۔ ڈائریکٹرز کا انتخاب:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3) 159 کے تحت ایک ممبر ڈائریکٹر کے انتخاب میں خود کو پیش کرنے کے لئے ارادے کا نوٹس اجلاس کی مقررہ تاریخ سے کم از کم چودہ (14) یوم قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، B-7 کورنگی انڈسٹریل ایریا کراچی میں بمع درج ذیل معلومات داخل کرے گا۔

- کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (1) 167 کے تحت اچھی طرح پُر یعنی مکمل اور دستخط کیا گیا فارم 28 جو بہ رضامندی ظاہر کرتا ہے کہ وہ بصورت انتخاب، بطور کمپنی ڈائریکٹر کام کرنے پر راضی ہے۔
- امیدوار کا تفصیلی پروفائل مع دفتری پتہ جیسا کہ ایس ای سی پی کے SRO 1196(I)/2019 مورخہ 03 اکتوبر 2019 کے تحت درکار ہے۔
- کمپنیز ایکٹ 2017، کمپنی کے میمورینڈم اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے قوائد وضوابط کی کتاب، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کے ضوابط، 2019 اور دیگر متعلقہ قوانین اور قوائد وضوابط کے تحت بطور ڈائریکٹر فرائض واختیارات سے واقفیت کا دستخط شدہ اقرار نامہ۔
- امیدوار کا دستخط شدہ اقرار نامہ کہ وہ لسٹڈ کمپنیز کے ڈائریکٹر کے طور پر تقرری کے لئے، کمپنیز ایکٹ 2017 اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کے ضوابط، 2019 کے تحت مقرر کردہ ضروریات اور اہلیت کی شرائط پر پورا اترتا ہے
- کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ پاسپورٹ اور این ٹی این کی نقل۔

بطور ایک آزاد ڈائریکٹر، ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے مقابلے کے خواہاں امیدوار مندرجہ ذیل اضافی دستاویزات جمع کروائیں گے:

- لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کے ضوابط، 2019 کے 6 (3) کے تحت اعلامیہ کہ امیدوار کمپنیز ایکٹ 2017 کے بیان کردہ آزادانہ معیار پر پورا اترتا ہے، نیز
- غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر اقرار نامہ کہ امیدوار کمپنیز (آزاد ڈائریکٹروں کے انتخاب اور اطوار) کی ریگولیشن 2018 کے قوائد (1) 4 کی ضروریات پر پورا اُترتا ہے۔

3۔ منتقلی حصص کی کتب کی بندش:

14 اکتوبر 2021 سے 21 اکتوبر 2021 تک (بشمول دونوں ایام) کمپنی کے ممبران کا رجسٹر بند رہے گا اور شیئرز کی کوئی منتقلی رجسٹریشن کے لئے قابلِ قبول نہیں ہوگی۔

جو منتقلیاں شیئر رجسٹرار:

میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400

ٹیلی فون: (ٹول فری) 0800-23275 / فیکس: 34326053 (21-92) ای میل: info@cdcsrsl.com / ویب سائٹ: www.cdcsrsl.com کے دفتر میں **13 اکتوبر 2021** کو کاروبار بند ہونے تک موصول ہوں گی وہ ٹرانسفریز کی اہلیت کے تعین کے مقصد کے لئے بروقت تصور کی جائیں گی۔

4۔ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت:

ایک ممبر جو سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے اپنے بجائے شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لئے ایک پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کا ممبر ہونا لازمی نہیں ہے۔ پراکسی کے موثر ہونے کے لئے اس کا باضابطہ طور پر دستخط شدہ ہونا، گواہوں سے تصدیق شدہ ہونا اور شیئر رجسٹرار کے دفتر میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہونا لازمی ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مندرجہ ذیل ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا:

(الف) اجلاس میں شرکت کے لئے:

- افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کی ہوئی ہیں، اپنی تصدیق اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل متذکرہ ای میل ایڈریس پر اپنا اصل شناختی کارڈ (CNIC) یا اپنا اصل ماسپورٹ فراہم کر کے کروائے گا۔
- کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد شخص کے نمونہ دستخط اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل متذکرہ ای میل ایڈریس پر پیش کرنا ہوگی (اگر پہلے سے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

(ب) پراکسیز کے تقرر کے لئے:

- افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کی ہوئی ہیں، مذکورہ بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم داخل کرے گا۔
- پراکسی فارم کی تصدیق ان دو افراد سے کروائی جائے گی جن کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر فارم پر درج ہوں گے۔
- پراکسی فارم کے ہمراہ بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیوں کی فراہمی لازمی ہوگی۔
- کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی نمونہ دستخط کے ساتھ بمعہ پراکسی فارم کمپنی میں جمع کرانا ہوگی (اگر پہلے سے فراہم نہ کی گئی ہو)۔

5۔ ووٹنگ بذریعہ پوسٹل بیلٹ:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق، ارکان اپنے ووٹ کا استعمال بذریعہ پوسٹل بیلٹ کر سکتے ہیں، ان میں شامل ضروریات اور طریقہ کار کے مطابق۔

6۔ ویڈیو لنک کی سہولت:

اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات دن قبل ایک ہی شہر میں رہنے والے ممبران کی درخواست پر جو کمپنی کے اداشدہ کیپٹل میں سے کم از کم دس فیصد کے حامل ہوں، اس شہر میں ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کی جائے گی، تاکہ ایسے ممبران ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے سے سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کر سکیں۔

7۔ پراکسی فارم:

پراکسی فارم سالانہ رپورٹ کے اختتام پر منسلک ہے، اس کے ساتھ ساتھ کمپنی کی ویب سائٹ www.nrlpak.com پر بھی دستیاب ہے۔

8۔ ایڈریس کی تبدیلی:

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتہ میں کسی بھی تبدیلی کی بابت کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں۔

9۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر/ نیشنل ٹیکس (NTN) نمبر:

وقتاً فوقتاً جاری کردہ ریگولیٹری ہدایات کے مطابق ایسے ممبران جنہوں نے تاحال اپنے قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر اور/ یا نیشنل ٹیکس (NTN) نمبر (جیسی بھی صورت ہو) جمع نہیں کروائے ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے درست قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر اور/ یا (NTN) نیشنل ٹیکس نمبر کے سرٹیفکیٹ کی نقول جلد از جلد مندرجہ ذیل طور پر فراہم کرد :

- ایسے شیئر ہولڈرز جن کے پاس کمپنی کے شیئرز فزیکل فارم میں ہوں ان سے درخواست ہے کہ اوپر درج کردہ معلومات شیئر رجسٹرار کو مذکورہ بالا پتہ پر بھیج دیں۔
- ایسے شیئر ہولڈرز جو ذیلی "Shareholding" کسٹینرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) کے تحت maintain کر رہے ہیں، ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مذکورہ بالا معلومات متعلقہ شریک CDC/Participant انویسٹر اکاؤنٹ سروس کو براہِ راست جمع کروا دیں۔

10۔ برقی طریقہ کار کے مطابق منافع منقسمہ کی نقد ادائیگی (لازمی):

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کے تحت، منافع منقسمہ کی نقد ادائیگیاں ڈیویڈنڈ وارنٹس جاری کرنے کے بجائے صرف برقی طریقہ کار کے مطابق براہِ راست اہلیت کے حامل حصص یافتگان کے نامزد کردہ متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں کی جائیں گی۔ اس کے مطابق، کمپنی کے اراکین سے درخواست ہے کہ وہ کمپنیز (منافع منقسمہ کی تقسیم) ریگولیشنز 2017 (''ریگولیشنز'') کی ریگولیشن نمبر 4 کی تعمیل کریں اور اپنے بینک اکاؤنٹ کی مکمل تفصیلات بذریعہ ای ڈیویڈنڈ فارم فراہم کریں (جو کہ سالانہ رپورٹ کے آخر کے صفحات میں منسلک ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ www.nrlpak.com پر بھی دستیاب ہے)۔ بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کی عدم موجودگی یا نامکمل تفصیلات کی صورت میں، کمپنی ایکٹ کی دفعہ 243 اور اور ریگولیشنز کی ریگولیشن نمبر 6 کے مطابق ان حصص یافتگان کے نقد منافع منقسمہ کی ادائیگیاں روکنے پر مجبور ہوگی جنہوں نے یہ معلومات فراہم نہ کی ہوں۔

11۔ نظر ثانی شدہ شرح پر انکم ٹیکس کی کٹوتی:

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق 150 کے مطابق منافع منقسمہ پر ٹیکس کٹوتی کی شرح یکم جولائی 2021 سے درج ذیل ہے۔

1۔	ATL میں موجود افراد کے لئے انکم ٹیکس کٹوتی کی شرح	15%
2۔	ATL میں موجود نہ ہونے والے افراد کے لئے انکم ٹیکس کٹوتی کی شرح	30%

جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں ہر ہولڈر آیا وہ ATL میں ظاہر ہو یا ATL میں ظاہر نہ ہو انفرادی طور پر برتا جائے گا اور ہر جوائنٹ ہولڈر کی شیئر ہولڈنگ کی بنیاد پر ٹیکس منہا کیا جائے گا جو شیئر ہولڈرز کی جانب سے ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر حسب ذیل مطلع کی گئی ہوں گی، بصورتِ دیگر ہر حصص یافتہ کا شیئرز میں تناسب مساوی سمجھا جائے گا اور اسی اعتبار سے منہا کیا جائے گا۔

			پرنسپل شیئر ہولڈر		مشترکہ شیئر ہولڈر	
کمپنی کا نام	فولیو/ CDS اکاؤنٹ نمبر	کل حصص	نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر	حصص کا تناسب (حصص کی تعداد)	نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر	حصص کا تناسب (حصص کی تعداد)

قومی شناختی کارڈ نمبر/ نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کی تفصیلات اب لازمی ہیں اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی طرف سے وقتاً فوقتاً اَپ ڈیٹ اور جاری کردہ فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) کے مطابق ٹیکس کی حیثیت کی جانچ پڑتال کے لئے ضروری ہیں۔

12۔ انکم ٹیکس/ زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ:

انکم ٹیکس کی کٹوتی سے استثنیٰ یا کم شرح پر کٹوتی کے لئے اہل ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ٹیکس معافی سرٹیفکیٹ یا لازمی دستاویزی ثبوت جو بھی ممکن ہوں جمع کروائیں۔ زکوٰۃ کی کٹوتی نہ چاہنے والے ممبران سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ زکوٰۃ سے مستثنیٰ ہونے کے لئے کارآمد اقرار نامہ (ڈکلیریشن) جمع کروائیں۔

13۔ غیر دعویٰ شدہ حصص/ منافع منقسمہ:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 244 کے مطابق کمپنی نے غیر دعویٰ شدہ یا غیر ادا شدہ حصص/ منافع منقسمہ کے سلسلے میں، ایسے تمام حصص یافتگان کو وقتاً فوقتاً ان کے آخری معروف پتہ پر جو کہ کمپنی کو دستیاب ہے، نوٹسز ارسال کیئے ہیں اور اس کے بعد اخبار میں اشتہار بھی شائع کیئے ہیں، ان سے ایک بار پھر دعویٰ دائر کرنے کی درخواست کی جاتی ہے، اس کے مطابق، مقررہ مدت کے دوران اگر متعلقہ ارکان کی جانب سے کوئی دعویٰ نہیں کیا گیا تو کمپنی قانونی ضروریات کے تحت کاروائی کو آگے بڑھائے گی۔

14۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر متعلقہ مالیاتی گوشواروں کی دستیابی:

30 جون 2021 کو ختم ہونے والے مالی سال کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ www.nrlpak.com پر آویزاں کئے جا چکے ہیں۔

15۔ سالانہ رپورٹ کی برقی طور پر ترسیل:

ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او 2014/(1) 787 مورخہ 8 ستمبر 2014 کے متن کے مطابق حصص یافتگان کو ایک اختیار فراہم کیا گیا ہے، کہ وہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کے ہمراہ برقی طور پر بذریعہ ای میل حاصل کر سکتے ہیں۔ چنانچہ، وہ ممبران جو مستقبل میں برقی طور پر سالانہ رپورٹ اور سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کے حصول میں دلچسپی رکھتے ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.nrlpak.com پر فراہم کئے گئے رضامندی فارم پر اپنے متعلقہ ای میل ایڈریس کو کمپنی شیئر رجسٹرار کو ارسال کر دیں۔ تاہم، کمپنی ایسے ممبران کو اضافی طور پر سالانہ رپورٹ کی نقول ان کی درخواست پر بلا معاوضہ فراہم کرے گی۔

16۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز کا ڈپازٹ:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق، ہر موجودہ کمپنی کو اپنے طبیعی حصص کو بک انٹری فارم کے ساتھ ایس ای سی پی کی طرف سے مطلع کردہ تاریخ سے، جو کہ ایکٹ کے آغاز سے چار سال سے زیادہ کی مدت نہیں ہوگی، اس انداز میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہوگی جو کہ مخصوص ہو اور اس سلسلے میں، ایس ای سی پی نے اپنی فائل نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 تاریخ 26 مارچ 2021 کے تحت لسٹڈ کمپنیوں کو تجویز کیا ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو ہدایات دیں کہ انہیں اپنے شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کی اشد ضرورت ہے، بک انٹری فارم میں شیئرز رکھنے کے بے شمار فوائد ہیں جن میں شیئرز کی محفوظ تحویل، ملکیت کی فوری منتقلی اور نقصان، گمشدہ، جعلی یا ڈپلیکیٹ سرٹیفکیٹ کا کوئی خطرہ نہیں ہے۔ اس کے مطابق، طبیعی حصص رکھنے والے حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سی ڈی سی اکاؤنٹ کسی بھی بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ میں براہِ راست سی ڈی سی کے ساتھ کھول کر اپنے طبیعی حصص کو اسکرپ لیس فارم میں رکھیں۔

17۔ ایک فولیو میں مختلف فولیوز کا انضمام:

ریکارڈ کے مطابق، کچھ حصص داران ایک ہی تفصیلات کے تحت ایک سے زیادہ فولیو برقرار کیے ہوئے ہیں۔ دو مختلف فولیو رکھنے پر حصص داران کے لیے منافع/ بونس کی شکل میں مختلف فوائد حاصل کرنے میں پریشانی ہو سکتی ہے۔ بہتر خدمات اور سہولت فراہم کرنے کے لیے، اس طرح کے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ کو درخواست بھیجیں کہ وہ ان کے فولیو کو ایک فولیو میں ضم کریں۔

بحوالہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3) 166 کے تحت مواد کی حقائق سے متعلق بیانیہ، مامور کردہ کے انتخاب سے متعلق وضاحت برائے بطور آزاد ڈائریکٹر کی تقرری:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3) 166 کے مطابق، ایک آزاد ڈائریکٹر کے لئے ان افراد کے رضامندی کے کاغذات ہی قبول کیے جائیں گے جو ایکٹ کے سیکشن (2) 166 کے مطابق ہیں اور ان کے نام پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے زیرِ انتظام آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹابیک میں ظاہر ہو رہے ہیں۔

ORIENTmMcCANN